## داتا دربار اور دیگر بزرگ ہستیوں کے مزارات کے تحفظ کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومتیں بھرپور انتظامات کریں۔الطاف حسین

## مذہبی انتہاپسندی سے گریز کیا جائے،ایک دوسرے کے مسلک اور عقیدے کا احترام کیا جائے

## الطاف حسین کی ممتاز اور جید علمائے اہل سنت علامہ سید شاہ تراب الحق قادری اور حاجی حنیف طیب سے ٹیلیفون پر طویل گفتگو

## ایم کیوایم نے مذہبی انتہاپسندی کے خلاف سب سے پہلے آواز اٹھائی۔علامہ شاہ تراب الحق قادری

## مذہبی انتہاپسندی کے خلاف ایم کیوایم جوعملی کوششیں کررہی ہے علمائے اہل سنت اور عوام اہل سنت

## اس کوقدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔علامہ شاہ تراب الحق قادری،حاجی حنیف طیب

لندن۔۔۔19جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج امیر جماعت اہل سنت پاکستان علامہ سید شاہ تراب الحق قادری اور اہل سنت کے رہنما حاجی حنیف طیب سے ٹیلیفون پر طویل بات چیت کی ۔ جناب الطاف حسین نے اہل سنت کے رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے لاہور میں چندروز قبل داتا دربار پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور خودکش حملے میں متعدد زائرین کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ داتا دربار پر خودکش حملہ ایک قومی سانحہ ہے اور وقت کا تقاضہ ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں داتا دربار اور دیگر بزرگ ہستیوں کے مزارات اوران کے تقدس کے تحفظ کیلئے بھرپور انتظامات کریں۔انہوں نے کہا کہ اتحاد بین المسلمین پر یقین رکھنے والے تمام معتدل مزاج مسلمانوں اور دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے عوام کوبھی چاہیے کہ وہ مزارات،مقامات مقدسہ،مساجد،امام بارگاہوں اور دیگر عبادت گاہوں کے تحفظ کیلئے خودبھی چوکیداری سسٹم نافذ کریں اور مشکوک افراد پر نظر رکھیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مذہبی انتہاپسندی ملک کی سلامتی وبقاء اور استحکام کیلئے نقصان دہ ہے لہٰذا وقت کا تقاضہ ہے کہ مذہبی انتہاپسندی سے گریز کیا جائے اور ایک دوسرے کے مسلک اور عقیدے کا احترام کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم نہ صرف اتحاد بین المسلمین پر یقین رکھتی ہے بلکہ اتحاد بین المذاہب کیلئے بھی کوشاں ہے اور چاہتی ہے کہ ملک میں مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کوفروغ دیا جائے۔علامہ شاہ تراب الحق قادری اور حاجی حنیف نے جناب الطاف حسین کے خیالات سے مکمل اتفاق کیا اورانہیں اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔انہوں نے مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام کیلئے ایم کیوایم کی کوششوں کوسراہتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم وہ واحد جماعت ہے جس نے مذہبی انتہاپسندی کے خلاف سب سے پہلے آواز اٹھائی اوراس حوالے سے آج بھی ایم کیوایم جوعملی کوششیں کررہی ہے علمائے اہل سنت اور عوام اہل سنت اس کوقدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

## ایم کیوایم نے کونسل آف پروفیشنلز (سی او پی) کے قیام اوراس کے انچارج سمیت 10رکنی کمیٹی کا اعلان کردیا

## اعلان کے مطابق سی او پی کے انچارج علی راشد ہوں گے

کراچی۔۔۔19،جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ''کونسل آف پروفیشنلز'' (سی او پی) کے قیام اوراس کے انچارج سمیت 10 رکنی کمیٹی کا اعلان کردیا گیا ہے۔یہ اعلان متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ومرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل اور حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری بھی موجود تھے۔اعلان کے مطابق کونسل آف پروفیشنلز کی 10 رکنی کمیٹی کے انچارج علی راشد ہوں گے۔

## ایم کیوایم حیدرآباد کے زیراہتمام ''میرا حیدرآباد'' کے نام سے 7 روزہ ہفتہ صفائی کی مہم کا آغاز

## مہم کا افتتاح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جھاڑو لگا کر کیا، عوام میں جوش وخروش

## پہلے روز اہم سڑکوں اور شاہراہوں سے ہزاروں ٹن کچرا صاف کیا گیا

حیدرآباد۔۔۔19، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم حیدرآباد کے زیراہتمام ہفتہ صفائی مہم کا آغاز کردیا گیا۔ ''میرا حیدرآباد'' کے نام سے شروع کی جانے والی 7 روزہ ہفتہ صفائی کی مہم کا باقاعدہ آغاز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون اور اشفاق منگی نے پیر کی صبح چوک گاڑی کھاتہ پر جھاڑو لگا کر کیا۔ اس موقع پر حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج محمد عمر قریشی، نثار پنہور، ایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے انچارج محمد شریف خان، زونل کمیٹی کے اراکین، مختلف سیکٹرز و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران اور کارکنان کے علاوہ پرنٹ والیکٹرونکس میڈیا کے نمائندگان، حیدرآباد کے عوام کی بہت بڑی تعداد موجود تھی۔ میرا حیدرآباد صفائی مہم کے سلسلے میں حیدرآباد کے عوام وکارکنان میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے اور کارکنان وعوام تیز دھوپ، گرمی، بھوک پیاس کی پروا کیے بغیر صفائی مہم میں نہ صرف بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں بلکہ اپنی مدد آپ کے تحت حیدرآباد کے تمام تعلقوں میں مصروف عمل ہیں۔ متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے صفائی مہم کے سلسلے میں شہر کی اہم شاہراہوں اور چوراہوں اور پارکس میں ''میرا حیدرآباد'' ہفتہ صفائی مہم کے بینرز آویزاں کیے گئے۔ مہم کے پہلے روز جھاڑووں، بیلچوں اور ٹرالیوں سے لیس ایم کیوایم کے پرچم کے رنگوں والی ٹوپیاں اور ٹی شرٹ میں ملبوس ہزاروں کارکنان وعوام دیکھتے ہی دیکھتے سڑکوں اور شاہراہوں گلی محلوں اور بازاروں میں نکل گئے جنہوں نے شہر کے بازاروں، گلیوں، محلوں سے ہزاروں ٹن کچرا اور مٹی کے ڈھیر اٹھا کر شاہراہوں اور سڑکوں کو صاف کردیا۔ اس موقع پر جہاں جہاں بھی متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان صفائی ستھرائی کرتے دیکھے گئے، دوکانداروں اور عوام نے ان کی حوصلہ افزائی کی اور قائد تحریک الطاف حسین کے اقدام کو سراہا۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون اور اشفاق منگی نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور ہفتہ صفائی مہم کے سلسلے میں جاری صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا اور ان پر اطمینان کا اظہار کیا۔ رابطہ کمیٹی نے ارکان نے حیدرآباد کے بازاوں، شاپنگ پلازاہوں کا دورہ کیا اور دکانداروں، تجارتی انجمنوں کے عہدیداران اور عوام سے ملاقات کرکے ان کے مسائل معلوم کیے اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے ہفتہ صفائی مہم کو سراہا اور اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔ قبل ازیں حیدرآباد میں ہفتہ صفائی کی مہم ''میرا حیدرآباد'' کی افتتاح کے موقع پر عوام سے گفتگو کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون اور اشفاق منگی نے کہا کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور آج کی صفائی مہم اس بات کی غماز ہے کہ ایم کیوایم عوام کے مسائل سے غافل نہیں، قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر حیدرآباد میں صفائی مہم کا آغاز کیا جاچکا ہے جس کے دوران سڑکوں، شاہراہوں، کھیل کے میدانوں، پارکس، بازاروں، فلائی اوورز کی صفائی کیساتھ ان پر رنگ وروغن کا کام بھی مکمل کیا جائے گا اور آئندہ ایک ہفتے میں حیدرآباد کو اس کا اصل مقام دیدیا جائیگا۔ انہوں نے صفائی مہم میں حصہ لینے پر تمام کارکنان، عوام کا شکریہ ادا کیا اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ''میرا حیدرآباد'' صفائی مہم میں ایم کیوایم کے 20 ہزار سے زائد کارکنان دن رات کوشاں ہیں اگر نیت اچھی ہو تو کوئی کام بھی مشکل نہیں ہوتا اور یہی وجہ ہے کہ آج عوام بھی ایم کیوایم کے ساتھ ہیں اور ایم کیوایم کی مقبولیت میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے۔ افتتاح سے اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی اور حیدرآباد زونل کمیٹی کے انچارج واراکین نے بھی خطاب کیا اور صفائی مہم میں مصروف کارکنان کو شاباش دی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے بزرگ کارکن سلطان احمد کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔19، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 130 کے بزرگ کارکن سلطان احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی بزرگ کارکن سلطان احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## متحدہ سوشل فورم کے انچارج، جوائنٹ انچارجز ودیگر اراکین کی حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری

کراچی۔۔۔19، جولائی 2010ء

ایم کیوایم کے متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ، جوائنٹ انچارجز غازی صلاح الدین، احمد سلیم صدیقی اوراراکین نے گزشتہ روز پاپوشنگر اورشہداء قبرستان عزیزآباد کادورہ کیااورایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے والد نذیرحسین مرحوم، والدہ محترمہ خورشید بیگم، بھائی ناصرحسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کی قبروں پرقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی اورفاتحہ خوانی کی۔اس موقع پرایم کیوایم کے دیگرشعبہ جات کےارکان بھی موجود تھے۔

## حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ شگفتہ صادق کوڈاکوؤں نے لوٹ لیا

## ڈکیتی کی واردات میں ملوث ملزمان کوفی الفورگرفتارکرکےقرارواقعی سزادی جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔19، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ڈاکوؤں کی جانب سے دن دیہاڑے گلشن اقبال بلاک 5 سے حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ شگفتہ صادق کولوٹنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاورمطالبہ کیاہے کہ ڈکیتی کی واردات میں ملوث عناصرکوفی الفورگرفتارکیاجائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہاکہ دودن بعدمحترمہ شگفتہ صادق کوعمرے کیلئے جاناتھااوراس سلسلے میں وہ آج گلشن اقبال بلاک 5 میں واقع بینک میں ریال خریدنے کے بعدواپس آرہی تھیں کہ موٹرسائیکلوں پرسوارتین مسلح افرادنے انہیں اسلحہ کے زورپر لوٹ لیااوران سے زیورات، قیمتی سامان اورلاکھوں روپے کی نقدرقم لیکرفرارہوگئے۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ اسٹریٹ کرائم میں ملوث سماج دشمن عناصردن دیہاڑے لوٹ مارکی وارداتیں کررہے ہیں تاہم اس ضمن میں قانون نافذکرنے والےاداروں کی کارکردگی پرابھی تک سوالیہ نشان لگاہواہے۔رابطہ کمیٹی نے ڈکیتی کی واردات پرمحترمہ شگفتہ صادق سے دلی ہمدردی کااظہاربھی کیا۔رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سیدقائم علی شاہ اوروزیرداخلہ سندھ ذوالفقارمرزاسے مطالبہ کیاکہ محترمہ شگفتہ صادق کودن دیہاڑے لوٹنے کی واردات کاسختی سے نوٹس لیاجائے اوراس میں ملوث مسلح ملزمان کوفی الفورگرفتارکرکےقرارواقعی سزادی جائے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پرسابق ایم پی اے اسٹیفن آصف کوغیرمعینہ مدت کیلئے معطل کردیاگیا

## اسٹیفن آصف نجی مصروفیات کی بناءپرسندھ اسمبلی کی رکنیت سے بھی مستعفی ہوگئے

کراچی۔۔۔19، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پرسابق رکن سندھ اسمبلی اورایم کیوایم اقلیتی امورکمیٹی کےرکن اسٹیفن آصف کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے غیرمعینہ مدت کیلئے معطل کردیاہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کےتمام ذمہ داران وکارکنان کوہدایت کی کہ وہ اسٹیفن آصف سے کسی قسم کارابطہ نہ رکھیں۔دریں اثناءرکن سندھ اسمبلی اورایم کیوایم اقلیتی امورکمیٹی کےرکن اسٹیفن آصف نے نجی وجوہات کی بناءپراپنی سندھ اسمبلی کی رکنیت سے بھی استعفیٰ دیدیاہے۔

## اے پی ایم ایس اوکی مرکزی کابینہ کی جانب سے میٹرک سائنس گروپ کے امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والےطلبہ وطالبات کومبارکباد

کراچی۔۔۔19، جولائی 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کےچیئرمین واراکین مرکزی کابینہ نے ثانوی تعلیمی بورڈکراچی کےتحت ہونے والےمیٹرک سائنس گروپ کےامتحانات میں کامیابی حاصل کرنے والےطلباءوطالبات کودلی مبارکباددی ہے۔اپنےمشترکہ بیان میں انہوں نے کہاکہ علم انسان کوجہالت کےاندھیروں سے نکال کرشعوروآگہی کی نئی راہیں تلاش کرنے کی جستجوپیداکرتاہےاورجولوگ ان راہوں کواپنی منزل بنالیتے ہیں وہی کامیاب ہوتے ہیں۔انہوں نے کہاکہ ثانوی تعلیمی بورڈمیں کامیاب ہونے والےطلباءپرمعاشرے میں مثبت تبدیلی کیلئے بھاری ذمہ داری عائدہوتی ہے۔اے پی ایم ایس اوکی مرکزی کابینہ نے ایک مرتبہ پھرنمایاں کامیابی حاصل کرنے والےطلبہ وطالبات کودلی مبارکباددی اور ان کیلئے نیک خواہشات کااظہارکیا۔

# ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔19، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 84 کے کارکن افتخار عالم کے والد اعجاز علی خان، ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ B-118 کے کارکن اصغر علی کے چھوٹے اختر علی، ایم کیوایم کے ایم او سی یوسی 1 کیماڑی کے کارکن حسین احمد کے والد قاسم اور ایم کیوایم میر پور خاص یوسی 1 کارکن ندیم کے چچا علی محمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆